© rasailojaraid.com

پھر خلیفۂ اوّل، پھر دوم، پھر سوم، پھر چہارم، یہ ایک تسلسلِ عملِ مشترک ہے۔ مؤلف نے کسی نقطۂ نظر کے لوگوں کی تنقیص و تعریض سے دامنِ قلم کو بچایا بھی ہے اور جو گرد حضرت علیؓ کی شخصیت کے گرد غلوِ محبت یا خارجیت کی وجہ سے پھیلی ہوئی تھی، اُسے چھانٹ بھی دیا ہے۔ اس طرزِ سوانح نگاری سے شخصیتوں کی روشنی میں نگاہیں خود اسلام کے جمال کی طرف ہوتی ہیں۔

---

## محض ایک نظر

**غمِ اعلیٰ** یہ گوہر ملسیانی صاحب کا مرتب کردہ مجموعۂ اشعار ہے۔ اس میں مختلف شعراء کی وہ نظمیں جمع کی گئی ہیں جو سید مودودی مغفور کی رحلت پر لکھی گئی تھیں۔ ۱۲۸ صفحات کا یہ مجموعہ دس/۱۰ روپے میں ملتا ہے۔ یہ گوہر ادب پبلی کیشنز، مظہر فرید کالونی، صادق آباد کا شائع کردہ ہے۔

---

**وہ سورج بن کر اُبھرے گا** یہ راقم الحروف کی ان نظموں کا مجموعہ ہے جو سید مودودی مغفور کی وفات کے بعد متواتر لکھی جاتی رہیں۔ ان کے ساتھ وہ چند نظمیں بھی شامل کر دی گئی ہیں جو مولانا مغفور کی زندگی میں اُن کے متعلق لکھی گئی تھیں۔ یہ مجموعہ البدر پبلی کیشنز لاہور کا شائع کردہ ہے، اور ۱۵/- روپے میں مل سکتا ہے۔

---

**النذیر** یہ عربی زبان میں مجاہدینِ سوریہ کا ترجمان ہے۔ نُصیری حکومت، سُنی اکثریت خصوصاً اخوان المسلمون پر جو مظالم ڈھا رہی ہے، اُن کی تفصیل اس میں پیش کی جاتی ہے، اور حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے۔ ملنے کا پتہ مذکور نہیں۔ شاید بربنائے احتیاط مقامِ اشاعت کو مخفی رکھا گیا ہے۔ دو چار پرچے ہم تک آئے ہیں۔ کوئی صاحب چاہیں تو حاصل کر سکتے ہیں۔

---

© rasailojaraid.com